دفتر برائے شہری حقوق [Office for Civil Rights] (OCR) بہت سے وفاقی شہری حقوق کے قوانین کو نافذ کرتا ہے جو کہ ان پروگراموں یا سرگرمیوں میں فرق و امتیاز کو ممنوع قرار دیتے ہیں جو شعبۂ تعلیم [Department of Education] (ED) سے وفاقی مالی امداد حاصل کرتے ہیں - نسل، رنگ اور قومیت کی بنیاد پر کسی بھی طرح کا فرق و امتیاز 1964 کے شہری حقوق کے قانون [Civil Rights Act] باب VI کے ذریعہ ممنوع قرار دیا گیا ہے ؛ جنسی امتیاز کو 1972 کی تعلیمی ترامیم [Education Amendments] کے باب IX کے ذریعہ ممنوع قرار دیا گیا ہے ؛ معذوری کی بنیاد پر کسی بھی طرح کا امتیاز 1973 کے بحالی قانون [Rehabilitation Act] کی دفعہ 504 اور 1990 کے قانون معذوری امریکان [Americans with Disabilities Act] باب II کے تحت ممنوع قرار دیا گیا ہے (باب II عوامی اداروں کی جانب سے معذوری کی بنیاد پر ہر طرح کے امتیاز کو منع کرتا ہے ؛ چاہے یہ ادارے وفاقی مالی امداد حاصل کرتے ہیں یا نہیں) ؛ اور عمر کا امتیاز 1975 میں نافذ ہونے والے عمری امتیاز کے قانون [Age Discrimination Act] کے ذریعہ ممنوع قرار دیا گیا ہے-

یہ شہری حقوق کے قوانین جو کہ OCR کے ذریعہ نافذ کئے گئے ہیں، کو ED سے وفاقی تعلیمی امداد حاصل کرنے والے تمام اسٹیٹ تعلیمی ایجنسیوں، بنیادی اور ثانوی اسکولوں کے نظاموں، کالجوں اور یونیورسٹیوں، پیشہ ورانہ اسکولوں، ملکیتی اسکولوں، اسٹیٹ پیشہ ورانہ بحالی کی ایجنسیوں، لائبریریوں اور عجائب گھروں میں لاگو کیا گیا ہے - پروگرام یا سرگرمیاں جو کہ ED فنڈ حاصل کرتے ہیں ان کے لئے لازم ہے کہ ہر طرح کی امداد، فوائد، یا خدمات غیر امتیازی طور پر بہم پہنچائیں- اس طرح کی امداد، فوائد، یا خدمات میں داخلے، بھرتی، مالی امداد، تعلیمی پروگرام، طالب علموں سے برتاؤ اور ان کے لئے خدمات، مشورہ اور رہنمائی، نظم و ضبط، درسگاہ کا کام، درجہ بندی، پیشہ ورانہ تعلیم، تفریحی سرگرمیاں، جسمانی تعلیم، کھیل، رہائش اور ملازمت شامل ہو سکتے ہیں لیکن یہ صرف انہی تک محدود نہیں ہیں -

اس کے علاوہ، 8 جنوری 2002 سے OCR، بوائے اسکاؤٹس آف امریکا مساوی رسائی قانون کو نافذ کرتا ہے جو کہ سال 2001 کے قانون کوئی بچہ پسماندہ نہ رہ جائے، کا حصہ ہے- بوائے اسکاؤٹس آف امریکا مساوی رسائی قانون کے تحت کوئی بھی عوامی بنیادی اسکول، عوامی ثانوی اسکول یا اسٹیٹ یا مقامی تعلیمی ایجنسی جو کہ ایک یا ایک سے زیادہ بیرونی نوجوانوں کے یا کمیونٹی گروپوں کو اسکول سے پہلے یا بعد کے اوقات میں اسکول کے احاطہ یا عمارت میں ملنے کا موقع فراہم کرتا ہے، بوائے اسکاؤٹس آف امریکا، یا کسی بھی دوسرے نوجوانوں کے گروپ جو کہ یونائیٹڈ اسٹیٹس کوڈ [United States Code] کے باب 36 کے تحت بطور محبِ وطن سوسائٹی درج کیا گیا ہے، کو ملنے کے لئے مساوی رسائی دینے یا ایماندارانہ طور پر موقع فراہم کرنے سے انکار نہیں کرے گا اور ان کے ساتھ کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک نہیں کرے گا -



## کیا کیا جائے

کوئی بھی شخص جو OCR سے رسمی طور پر شکایت کرنا چاہتا ہے اس کو تحریری طور پر ایک خط کے ذریعہ یا ناروا امتیاز شکایت فارم [Discrimination Complaint Form] جو کہ OCR کے نفاذی دفاتر (لسٹ ملاحظہ کریں) میں دستیاب ہیں، پر شکایت درج کرانی چاہئے :

- آپ کا نام اور پتہ ( کوئی ٹیلیفون نمبر جہاں آپ سے کام کے اوقات میں رابطہ ہو سکتا ہو فائدہ مند ہے، لیکن ضروری نہیں ہے )؛
- فرد (افراد) یا افراد کے طبقے کی عمومی تفصیل جو کہ مبینہ امتیازی عمل (عملیات) کی وجہ سے زخم خوردہ ہیں - (زخم خوردہ فرد (افراد) کے نام دینے کی ضرورت نہیں ہے )؛
- ادارے کا نام اور جائے وقوع جو مبینہ امتیازی عمل (عملیات) کا مرتکب ہوا ہے ؛ اور
- مبینہ امتیازی عمل (عملیات) کی کافی تفصیل تاکہ OCR یہ سمجھ سکے کہ کیا ہوا ہے، کب ہوا ہے، اور مبینہ امتیازی سلوک کی بنیاد (نسل، رنگ، قومیت، جنس، معذوری، عمر یا بوائے اسکاؤٹس آف امریکا مساوی رسائی قانون )-



## آن لائن شکایت کس طرح درج کرائی جائے

OCR طالب علموں اور والدین، تعلیمی اداروں کے نمائندوں اور OCR کے دوسرے گاہکوں کی ، OCR کے ساتھ رابطہ کرنے کے لئے جب بھی ممکن ہو، ای میل یا فیکس استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتاہے - اس کے علاوہ، شکایت کرنے والے اپنی شکایت OCR کو، **آن لائن**، مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر درج کرا سکتے ہیں :

http://www.ed.gov/ocr/complaintprocess.html

ان کے لئے جن کے پاس ای میل کے رواں اکاؤنٹس نہیں ہیں، انٹرنیٹ کی سہولت آپ کے اپنے مقامی عوامی کتب خانہ سے مفت حاصل کی جا سکتی ہے اور بہت سے بڑے ادارے مفت ای میل اکاؤنٹ فراہم کرتے ہیں -

جس شخص کے خلاف شکایت کی جائے وہ اس شخص کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی نہیں کر سکتا جس نے اوپر دیئے گئے قوانین کے تحت شکایت کی ہو، گواہی دی ہو یا کسی بھی طرح تحقیق کے کام یا کارروائی میں مدد دی یا شرکت کی ہو -



# امتیازی سلوک کی شکایت دفتر برائے شہری حقوق میں کس طرح درج کرائی جائے

دفتر برائے شہری حقوق [Office for Civil Rights]
شعبۂ تعلیم امریکا [U.S. Department of Education]
400 Maryland Avenue, S.W.
Washington, D.C. 20202-1100
(202) 245-6800; 1-800-421-3481
فیکس: (202) 245-6840 TDD: (877) 521-2172
ای میل : OCR@ed.gov
ویب سائٹ : http://www.ed.gov/ocr

## کون درج کرا سکتا ہے

کوئی بھی شخص جو یقین رکھتا ہو کہ ایک تعلیمی ادارہ جو کہ وفاقی مالی امداد حاصل کرتا ہے، کسی شخص کے خلاف نسل، رنگ، قومیت، جنس، معذوری، یا عمر کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا مرتکب ہوا ہے، یا جو یقین رکھتا ہے کہ کسی عوامی بنیادی یا ثانوی اسکول، یا اسٹیٹ یا مقامی تعلیمی ایجنسی نے بوائے اسکاؤٹس آف امریکا مساوی رسائی قانون کی خلاف ورزی کی ہے، شکایت درج کرا سکتا ہے - یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی شخص یا ادارہ جو شکایت درج کرا رہا ہے خود بھی مبینہ امتیازی سلوک کا شکار ہوا ہو، وہ کسی دوسرے شخص یا گروپ کی طرف سے بھی شکایت کر سکتا ہے -

## معینہ مدت

شکایت مبینہ امتیازی سلوک کی تاریخ سے 180 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر درج کرائی جانی چاہئے بجز اس کے کہ OCR کسی اچھے مقصد کے لئے درج کرانے کی مدت میں توسیع نہ کر دے -

## ادارتی شکایت کا طریق کار

کسی ادارے کے خلاف OCR کے پاس شکایت درج کرانے سے پہلے، ایک متوقع شکایت کنندہ اس ادارے کے شکایات رفع کرنے کے طریقہ کار کو جاننا چاہ سکتا ہے اور اس طرز عمل کو شکایت کے تصفیہ کے لئے استعمال کر سکتا ہے - قانونی طور پر شکایت کنندہ کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ OCR سے شکایت کرنے سے پہلے ادارے کے شکایات رفع کرنے کے طریقہ کار کو استعمال کرے - اگر شکایت کنندہ ادارے کے شکایات رفع کرنے کے طریقہ کار کو استعمال کرتا ہے اور OCR سے شکایت کرنے کا بھی فیصلہ کرتا ہے تو ادارے کے شکایات رفع کرنے کے طریقہ کار کے آخری عمل کے 60 دنوں کے اندر اندر OCR میں شکایت درج کرائی جانی چاہئے -



## کہاں لکھا جائے

### مشرقی ڈویژن

**Connecticut, Maine, Massachusetts, New Hampshire, Rhode Island, Vermont**

Office for Civil Rights, Boston Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، بوسٹن دفتر ]
U.S. Department of Education
33Suite,STArch 900
Boston, MA 02109 (617) 289-0111
(617) 289-0150 فیکس #

**New Jersey, New York, Puerto Rico, Virgin Islands**

Office for Civil Rights, New York Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، نیویارک دفتر ]
U.S. Department of Education
32Old Slip
26thFloor
New York, NY 10005 (646) 428-38900 t
(646) 428-3890 فیکس #

**Delaware, Maryland, Kentucky, Pennsylvania, West Virginia**

Office for Civil Rights, Philadelphia Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، فلاڈیلفیا دفتر ]
U.S. Department of Education
The Wanamaker Building
100 Penn Square East, Suite 515
Philadelphia, PA 19107 (215) 656-8541
(215) 656-8605 فیکس #

### جنوبی ڈویژن

**Alabama, Florida, Georgia, Tennessee**

Office for Civil Rights, Atlanta Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، اٹلانٹا دفتر ]
U.S. Department of Education
61 Forsyth Street, S.W., Suite 19T70
Atlanta, GA 30303 (404) 562-6350
(404) 562-6455 فیکس #



**Arkansas, Louisiana, Mississippi, Texas**

Office for Civil Rights, Dallas Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، ڈیلس دفتر ]
U.S. Department of Education
1999 Bryan Street, Suite 1620
Dallas, TX 75201 (214) 661-9587
(214) 661-9587 فیکس #

**North Carolina, Virginia, Washington, D.C., South Carolina**

Office for Civil Rights, DC Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، ڈی سی دفتر ]
U.S. Department of Education
P.O. Box 14620
Washington, D.C. 20044
(202) 786-0500
(202) 208-7797 فیکس #

### مڈ ویسٹرن ڈویژن

**Illinois, Indiana, Minnesota, Wisconsin, Iowa, North Dakota**

Office for Civil Rights, Chicago Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، شکاگو دفتر ]
U.S. Department of Education
111 North Canal Street, Suite 1053
Chicago, IL 60606 (312) 886-8434
(312) 353-4888 فیکس #

**Michigan, Ohio**

Office for Civil Rights, Cleveland Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، کلیو لینڈ دفتر ]
U.S. Department of Education
600 Superior Avenue East
Bank One Center, Room 750
Cleveland, OH 44114 (216) 522-4970
(216) 522-2573 فیکس #



**Kansas, Missouri, Nebraska, South Dakota, Oklahoma**

Office for Civil Rights, Kansas City Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، کینسس سٹی دفتر ]
U.S. Department of Education
8930 Ward Parkway, Suite 2037
Kansas City, MO 64114 (816) 268-0550
(816) 823-1404 فیکس #

### ویسٹرن ڈویژن

**Arizona, Colorado, New Mexico, Utah, Wyoming**

Office for Civil Rights, Denver Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، ڈینور دفتر ]
U.S. Department of Education
1244 Speer Boulevard
Federal Building, Suite 310
Denver, CO 80204 (303) 844-5695
(303) 844-4303 فیکس #

**California**

Office for Civil Rights, San Francisco Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، سان فرانسسکو دفتر ]
U.S. Department of Education
50 Beale Street, Suite 7200
San Francisco, CA 94105
(415) 486-5555
(415) 486-5570 فیکس #

**Alaska, Hawaii, Idaho, Nevada, Oregon, Washington, Montana, American Samoa, Guam, and the Northern Mariana Islands**

Office for Civil Rights, Seattle Office
[ دفتر برائے شہری حقوق، سی آٹل دفتر ]
U.S. Department of Education
915 Second Avenue, Room 3310
Seattle, WA 98174 (206) 220-7900
(206) 220-7887 فیکس #

نظرثانی شدہ جولائی 2006